NYC Buildings

سمنز نمبر

**سمنز اور کمیشنر کا آرڈر •شہری تعزیرات کا اطلاق ہوتا ہے**
**نفاذ کاری ایجنسی: NYC محکمہ تعمیرات**
**ایجنسی کا پتہ اور ویب سائٹ:** 280 Broadway, New York, NY 10007 **www.nyc.gov/buildings**

**(پہلا نام/جزو، آخری)** **مدعا علیہ:** ____________________
**تاریخ پیدائش لائسنس/رجسٹریشن#:** ____________ **ڈاک کا پتہ:** ____________________
**موبائل فون:** ناقابل اطلاق

**قصبہ:** ____________ **مشاہدہ کردہ وقت:** ____________ **تاریخ وقوعہ:** ____________
**بن:** ______ **لاٹ:** ______ **بلاک:** ______ **جائے وقوعہ:** ____________________

آپ لازمی طور پر حاضر ہوں یا ذیل کی خلاف ورزیوں کی تفصیلات کی جواب دہی کریں- جواب دہی کے طریقہ کار کے لئے، اگلا صفحہ ملاحظہ کریں-

**بوقت:** ____________ **تاریخ سماعت:** ____________

**دفتر انتظامی مقدمات و سماعت:** ________ (مقامات اگلے صفحے پر دیکھیں)
**تمام خط کتابت میں درج بالا سمنز نمبر کا حوالہ دیں-**

**خبردار:** اگر آپ حاضر نہ ہوئے یا اس سمنز کی جواب دہی نہ کی، تو شہری انتظامیہ سمنز کا فیصلہ آپ کے خلاف کر دے گی اور جرمانے عائد کرے گی- کسی سول جرمانے کی ادائیگی میں ناکامی کسی شہری لائسنس، اجازت نامہ یا رجسٹریشن کے لئے دی گئی کسی درخواست کے مسترد ہونے، التواء، خاتمہ یا منسوخی کا باعث بن سکتی ہے- علاوہ ازیں، شہری انتظامیہ آپ کے خلاف عدالت میں فیصلہ دے سکتی ہے-

**شرائط کی خلاف ورزی کو درست کرنے اور اصلاح کی تصدیق کرنے کے لئے کمیشنر کا حکم**

**لازمًا حاضر ہوں:** ☐ **(اگر فیصلے پر اختلاف ہو)** **تاریخ اصلاح (بلا جرمانے کا آپشن، اگر دستیاب ہو):** ____________
**متعلقہ کام#:** ____________ **منزلوں کی تعداد:** ______ **تعمیراتی نوعیت:** ____________
**خلاف ورزی کی بنیاد:** ____________ **بوقت جائزہ زیر تصرف:** ____________

محل وقوع یا محکمے کی یادداشتوں کے جائزے کی بنیاد پر، زیر دستخطی نے یہ تعین کر دیا ہے کہ آپ NYC کے انتظامی قانون، NYC کے زوننگ ریزولیوشن اور/یا نیو یارک شہر کے قوانین کے عنوان 1 یا 2 کے ذیل میں درج کردہ قانون کے سیکشن کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوئے ہیں-

**جن شرائط کی خلاف ورزی دیکھی گئی**

| زیادہ سے زیادہ جرمانہ | معیاری جرمانہ | قانون کی شق | کلاس | خلاف ورزی کا ضابطہ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |
| ☐ **حکم امتناعی جاری کردہ:** ________<br>☐ **حکم انخلاء جاری کردہ:** ________<br>**انخلاء#:** ________ | ☐ 28-202.1 اور 1 RCNY 102-01 کی رو سے، اضافی درجہ 1 روزانہ یا درجہ 2 ماہانہ جرمانے کا اطلاق ہو سکتا ہے- | ☐ 28-202.1 اور RCNY 102-011 کے مطابق **غیر قانونی تبدیلی**-درجہ 1 ٹائٹل 28 کی دفعہ 210 کی مسلسل خلاف ورزی پر روزانہ کی اضافی جرمانے بھی قابل اطلاق ہیں- | ☐ **RCNY 102-01(f)** کے **مطابق شرط کی خلاف ورزی II** | ☐ **RCNY 102-01(f)1** کے **مطابق شرط کی متواتر خلاف ورزی I** |

**خلاف ورزی کی تفصیلات:**

**تلافی:**

NYC کے منشور کے سیکشنز 1048 اور 1049-a اور سٹی آف نیو یارک کے قوانین NYC کے دفتر برائے انتظامی مقدمات و سماعات (OATH) کو سماعتوں کا اختیار دیتے ہیں- **سماعتوں کے آپشنز کے لئے، اس نوٹس کا اگلا صفحہ دیکھیں-** عدم اصلاح کردہ خلاف ورزیاں مزید خلاف ورزیوں اور جرمانوں کا موجب ہیں- مخصوص الزامات کے لئے، انتظامی قانون کے 28-213.1، 28-219.1 اور 28-207.2.6 کی رو سے اضافی DOB سول جرمانے عائد ہو سکتے ہیں- جائیداد کا کوئی مالک ان سول جرمانوں کی ادائیگی کے لیے ذمہ دار متصور ہو سکتا ہے حتی کہ اگر وہ اس سمنز پر بطور مدعا علیہ مذکور نہ ہو-

میں، محکمہ تعمیرات کا ایک ملازم، حلفی غلط بیانی کی سزا کے تحت یہ اعتراف کرتا/کرتی ہوں کہ میں نے ذاتی طور پر مندرجہ بالا خلاف ورزیوں کے ارتکاب کا مشاہدہ کیا ہے اور/یا محکمہ جاتی یادداشتوں کے جائزے سے ان کی موجودگی کی تصدیق کی ہے- یہاں دیے گئے غلط بیانات قانون تعزیرات کے سیکشن 210.45 کی رو سے کلاس A قابل مواخذہ کے طور پر قابل سزا ہے-

**بیج#:** ________ **دستخط:** ____________________ **افسر مجاز:** ____________________

محکمہ تعمیرات (DOB) نے الزام عائد کیا ہے کہ آپ نے اس سمنز میں نشان دہی کردہ خلاف ورزی یا خلاف ورزیاں سر زد کی ہیں- اس سمنز کے ڈاک کے نوٹس میں "بذریعہ ڈاک ارسال کردہ جرمانہ" شامل ہے- آپ اپنی سماعت سے قبل کسی بھی وقت پورا جرمانہ ادا کرتے ہوئے اس الزام کو قبول کر سکتے ہیں- آپ کو لازماً اصلاح کی تصدیق کروانی ہو گی- **نوٹ:** اگر اس سمنز کے پہلے صفحے پر **آپ ضرور حاضر ہوں** لکھا ہو، تو پھر آپ یا کوئی مجاز نمائندہ ضرور بنفس نفیس سماعت میں حاضر ہو اگر آپ الزام (الزامات) سے اختلاف کرنا چاہیں- **آپ کی سماعت کی تاریخ، وقت اور قصبے کے لئے اس سمنز کو دیکھیں-**

**الزام کو قبول کرنے اور جرمانہ بذریعہ ڈاک ادا کرنے کے لئے:**

- بذریعہ ڈاک جرمانے کی رقم کے مطابق چیک یا منی آرڈر کو "فنانس کمیشنر" کے نام قابل ادائیگی بنائیں اور **چیک یا منی آرڈر پر سمنز نمبر لکھیں-**
- اس سمنز پر مندرج سماعت کی تاریخ سے 10 دن قبل، اس سمنز کی ایک نقل اور چیک یا منی آرڈر یہاں بھیجیں:

**OATH**, PO Box 2307, Peck Slip Station, New York NY 10272

**الزام کو قبول کرنے اور بنفس نفیس جرمانہ ادا کرنے کے لئے:**

- اس سمنز پر مندرج تاریخ سماعت سے پہلے کسی بھی کام کے دن، یہ سمنز اور اپنی ادائیگی کی رقم کسی OATH مرکز سماعت پر صبح 8:00 تا شام 3:30 تک لے آئیں- چیکس، منی آرڈرز اور کریڈٹ کارڈز قبول کیے جاتے ہیں-

**الزام قبول کرنے اور آن لائن جرمانہ ادا کرنے کے لئے:**

- http://a836-citypay.nyc.gov/citypay/ecb پر جائیں

**درستگی کی تصدیق کا عمل**

**ہر سمنز صورت حال کو ٹھیک کرنے اور درستگی ہونے کے قابل قبول سرٹیفیکیٹ کو بروقت جمع کروانے کے حکم پر مشتمل ہوتے ہیں-** یہ تمام خلاف ورزیوں کے لئے مطلوب ہے سوائے اس کے کہ سمنز برخاست کر دیا جائے- اصلاح کی تصدیق کے لئے مطلوبہ فارمز حاصل کرنے اور/یا اصلاح کی تصدیق کے طریقہ کار کے متعلق مزید معلومات کے لئے، آپ یہاں http://www1.nyc.gov/site/buildings/business/resolving-violations-ecb.page ہماری ویب سائٹ پر تشریف لا سکتے ہیں یا 2405-393-212 پر انتظامی نفاذ کاری یونٹ سے رابطہ کر سکتے ہیں-

**جلدی اصلاح کرنے پر کچھ سمنز جرمانے میں کمی یا پوری معافی کے اہل ہوتے ہیں-**

- **ازالہ:** اگر اس سمنز کے صفحہ اول پر کوئی "ازالے کی تاریخ" مندرج ہو، تو آپ کے پاس یہ اختیار ہے کہ آپ خلاف ورزی کو قبول کریں اور اس سمنز میں صفحہ اول پر فہرست کردہ "ازالے کی تاریخ" تک ایک قابل قبول سند اصلاح DOB میں جمع کروائیں- اگر DOB آپ کی سند اصلاح کو "ازالے کی تاریخ" پر یا اس سے قبل منظور کرتی ہے، تو آپ خلاف ورزی کے مرتکب ہوں گے لیکن آپ کو کسی سماعت میں حاضری یا جرمانے کی ادائیگی کرنی نہیں پڑے گی- اگر آپ کی ازالہ کی درخواست "ازالے کی تاریخ" سے قبل منظور نہیں ہوتی، تو آپ کو لازماً اپنی سماعت میں شرکت یا تسلیم اور ظاہر کردہ رقم کی ادائیگی کرنی ہو گی- اگر یہ اختیار موجود نہیں ہے اور آپ سماعت کے بعد خلاف ورزی کے مرتکب نکلتے ہیں، تو آپ پر جرمانہ عائد ہو گا-
- **راضی نامہ:** اگر آپ اہل ہوئے، تو آپ کو DOB کی طرف سے قبل از سماعت پیشکش کی جائے گی جس کے ذریعے آپ خلاف ورزی کو تسلیم کر سکیں گے اور معیاری جرمانے کو گھٹا کر نصف پر تخفیف کردہ جرمانہ وصول کریں گے- اگر آپ سماعت سے قبل اس پیشکش کو قبول کرتے ہیں، تو آپ کو لازماً ایک قابل قبول سند اصلاح پہلی طے کردہ تاریخ سماعت کے 75 دنوں کے اندر اندر جمع کروانی ہو گی- اگر آپ ایک قابل قبول سند اصلاح جمع نہیں کرواتے، تو جرمانہ بڑھ کر معیاری جرمانے یا بھاری جرمانے کے برابر ہو جائے گا، جو بھی قابل اطلاق ہو-
- **سماعت پر تخفیف:** کچھ الزامات کے لئے، آپ تخفیف کردہ جرمانے کی وصولی کے اہل ہو سکتے ہیں اگر آپ سماعت میں شریک ہوں اور ظاہر کردیں کہ خلاف ورزی کی حالت کی پہلی طے کردہ سماعت کی تاریخ تک اصلاح کر دی گئی تھی-

اگر آپ الزام کو تسلیم نہ کریں، تو خود مختار NYC دفتر برائے مقدمات و سماعات آپ کے مقدمے کی سماعت اور فیصلہ کرے گا- **اگر آپ جرمانہ ادا نہیں کرتے یا سماعت میں حاضر نہیں ہوتے، تو آپ کی غیر حاضری میں آپ کے خلاف ایک یک طرفہ فیصلہ کیا جا سکتا ہے اور اضافی جرمانے عائد ہو سکتے ہیں- علاوہ ازیں، آپ کی NYC لائسنس، رجسٹریشن یا اجازتوں کے استحقاق منسوخ یا مسترد ہو سکتے ہیں-**

**اگر آپ کے کیس پر "لازماً حاضر ہوں" نہ لکھا ہو، تو آپ الزام مسترد کرنے اور آن لائن، فون کے ذریعے یا خط کے ذریعے اپنا دفاع پیش کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں-**

- آن لائن: آن لائن اپنا دفاع جمع کروانے کے لئے، www.nyc.gov/oath ملاحظہ کریں-
- فون: فون پر سماعت طے کرنے کے لئے، کال کریں 0777-436 (212)
- ڈاک: بذریعہ ڈاک اپنا دفاع جمع کروانے کے لئے، ایسی تمام دستاویزات کے ساتھ جنہیں آپ زیر غور لانا چاہتے ہوں، حقائق کا ایک دستخط کردہ بیان جو لازماً اقرار کرتا ہو "اس بیان میں میرا دستخط یہ ضمانت دیتا ہے کہ اس میں بیان کردہ تمام حقائق درست ہیں" اس پتے پر بھیجیں: **OATH Mail Unit, 66 John Street, 9th Floor, New York, NY 10038**

**الزام کو مسترد کرنے اور بنفس نفیس دفاع پیش کرنے کے لئے:**

- آپ یا کوئی مجاز نمائندہ ذاتی طور پر اس پر دکھائے گئے تاریخ، وقت اور مقام پر سماعت پر حاضر ہو سکتے ہیں سمنز-

| **OATH مراکز سماعت - فون: 628-4692 (844) 1-844-OATH-NYC nyc.gov/oath** | |
|---|---|
| • **مین ھٹن: 66 John St. 10th Floor, New York, NY 10038** | • **بروکلن: 9 Bond St. 7th Floor, Brooklyn, NY 11201** |
| • **برونکس: 3030 Third Avenue, Room 250, Bronx, NY 10455** | • **کوینز: 31-00 47th Avenue, 4th Floor Long Island City, NY 11101** |
| • **اسٹیٹن آئی لینڈ: 350 St. Mark's Place, Main Floor, Staten Island, NY 10301** | |

- براہ کرم اس وقت یہ سمنز اور اپنے تمام شواہد اپنے ساتھ لاتے ہوئے سماعت کے لئے پوری طرح تیار رہیں-
- اگر آپ کو انگریزی میں معاونت چاہئے، تو زبان کی بلامعاوضہ معاونت مفت فراہم کی جائے گی-
- اگر آپ کو معذوری ہے اور اپنی سماعت کے دن کوئی **معقول انتظام** چاہئے، تو 1-844-OATH-NYC پر کال کریں-